# نیو ایرا پبلک اسکول

Solved Assignment of unit "3rd" "2021

جماعت :- "چوتھی"

پرچہ :- "اُردو"

## "حصّہ الف"

سبق نمبر :- "9"

عنوان :- "ہوائی جہاز"

(صفحہ نمبر :- "75")

س ١ الفاظ معنی

س ٢ سوالات کے جوابات :-

١۔ اپنا ساز بجاتا کون آ گیا؟

ج اپنا ساز بجاتا ہوائی جہاز آ گیا۔

٢۔ ہوا کی طرح کون سنسناتا ہوا آیا؟

ج۔ ہوا کی طرح ہوائی جہاز سنسناتا ہوا آیا۔

٣۔ ننھی نے بھائی سے کیا کہا؟

ج ننھی نے بھائی سے کہا کہ یہ کیا ہے۔

٤۔ جمیل نے کیا جواب دیا؟

ج جمیل نے جواب دیا کہ یہ لوہے کی چیل ہے۔

Pg No-2

س۵ یہ چیل اپنے پیٹ میں کیا لیے پھرتی ہے؟

ج یہ چیل اپنے پیٹ میں آدمی لیے پھرتی ہے۔

۶۔ اصل میں لوہے کی چیل کیا چیز تھی؟

ج اصل میں لوہے کی چیل ہوائی جہاز تھی۔

۷ جمیل نے خوش ہوکر کیا کہا؟

ج جمیل نے خوش ہوکر یہ کہا کہ بڑا ہو کے سمجھوں گا میں اس کا راز چلاؤں گا میں بھی ہوائی جہاز۔

س۳۔ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر ٹک دینے کے جوابات:- (صفحہ نمبر "75،76")

۱ ہوا میں اڑتا ہے۔ ۲، چیل سا۔

۳ ہوائی جہاز چلاؤں گا۔

س۴۔ خالی جگہوں کے جوابات:- (صفحہ نمبر- "76")

۱۔ جہاز ۲، ساز ۳، پوچھا، بھائی ۴، چیل ۵، لگا، کہنے

۶، راز ۷، جہاز

س ۵۔ خاکے کی مدد سے پانچ مصرعے ترتیب دینے کے جوابات:

(صفحہ نمبر "76")

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ وہ دیکھو | ہوائی | جہاز آگیا |
| ۲۔ بجاتا ہوا | اپنا | ساز آگیا |
| ۳۔ گرجتا | ہوا | گھنگنا ہوا |
| ۴۔ ہیں اس چیل | کے | پیٹ میں آدمی |
| ۵۔ کہ دراصل ہے | یہ | ہوائی جہاز |

س ۶۔ درج ذیل الفاظ سے بامعنی جملے بنانے کے جوابات:

ج ۱۔ ہوائی جہاز :- ہوائی جہاز ہوا میں اُڑتا ہے۔

۲۔ ہوا :- ہوا بہت تیز چل رہی ہے۔

۳۔ بلندی :- ہوائی جہاز بہت بلندی پر اُڑتا ہے۔

۴۔ بھائی :- میرے دو بھائی ہیں۔

۵۔ چیل :- چیل آسمان میں اُڑ رہا ہے۔

۶۔ کشتی :- پانی میں کشتی تیرتی ہے۔

۷ راز:- اپنا راز کسی کو نہیں بتانا چاہیے۔

۸- خوش:- آج میں بہت خوش ہوں۔

۹- سمندر:- سمندر کا پانی نمکیلا ہوتا ہے۔

۱۰ آدمی:- وہ آدمی بہت موٹا ہے۔

سبق نمبر:- "۱۱" عنوان:- "فسٹ ایڈ"

(صفحہ نمبر:- "۹۱")

س۱ الفاظ معنی

س۲ سوالات کے جوابات:-

۱- جسم پر چوٹ لگنے کی صورت میں کیا کرنا چاہیے؟

ج جسم پر چوٹ لگنے کی صورت میں ابتدائی طبی امداد دینی چاہیے۔

۲- ابتدائی طبی امداد کسے کہتے ہیں؟

ج ابتدائی طبی امداد فسٹ ایڈ کو کہتے ہیں۔

۳۔ زخم پر میلی پٹی لگانے سے کیا نقصان ہو جاتا ہے؟

ج زخم پر میلی پٹی لگانے سے بیماری کے جراثیم پھیل سکتے ہیں۔

۴۔ ہڈی ٹوٹ جانے پر بیمار کو کس طرح اٹھانا چاہیے؟

ج ہڈی ٹوٹ جانے پر بیمار کو زیادہ ہلانا جُلانا ٹھیک نہیں۔

۵۔ اندرونی چوٹ لگنے پر بیمار کی حالت کیا ہو جاتی ہے۔

ج اندرونی چوٹ لگنے پر جلد کا رنگ پیلا پڑ جاتا ہے۔ سانس رُک رُک کر آتی ہے۔ کبھی کبھی ناخن اور ہونٹ نیلے پڑ جاتے ہیں۔

۶۔ اندرونی چوٹ لگنے پر بیمار کی فوری طبی امداد کیسے کرنی چاہیے؟

ج اندرونی چوٹ لگنے پر بیمار کو بڑی احتیاط کے ساتھ چارپائی یا لکڑی کے تختے پر لیٹا دیا جائے اور فوراً ہسپتال یا ڈاکٹر کے پاس لیے جائے۔

Pg No - 6

| | |
|---|---|
| ۷ | بیمار کے ارد گرد بھیڑ لگانا کیوں ٹھیک نہیں؟ |
| ج | بیمار کے ارد گرد بھیڑ لگانا اسلئے ٹھیک نہیں کیونکہ اس سے مریض کی حالت خراب ہو سکتی ہے۔ |
| س۳ | دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر ٹک کے جوابات:- (صفحہ نمبر "92") |
| | ۱) ابتدائی طبی امداد ۲) خون روکنے کی کوشش |
| | ۳) اس پر سرد پانی چھڑک دیا جائے۔ |
| س۴ | خالی جگہوں کے جوابات:- (صفحہ نمبر "92/93") |
| | ۱) جو ۲) گرنے ۳) چوٹ ۴) جیب ۵) صاف |
| س۵ | کالم "الف" کو کالم "ب" سے ملانے کے جوابات:- (صفحہ نمبر "93") |

| | "کالم الف" | "کالم ب" |
|---|---|---|
| ۱ | بگڑنا | بننا |
| ۲ | ابتدائی | آخری |
| ۳ | صاف | گندا |
| ۴ | بیمار | تندرست |

| | | |
|---|---|---|
| ۵ | اچھا | بُرا |
| ۶ | اندرونی | بیرونی |
| ۷ | ہوش | بےہوش |
| ۸ | آرام | بےقراری |
| ۹ | سردی | گرمی |
| ۱۰ | گرم | سرد |

س ۷ درج ذیل اسموں میں مذکر کے مونث اور مونث کے مذکر کے جوابات ہے (صفحہ نمبر "۹۳/۹۴")

| | مذکر | مونث | | مذکر | مونث |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | دھوبی | دھوبن | ۸ | بھتیجا | بھتیجی |
| ۲ | کُتا | کُتیا | ۹ | اونٹ | اونٹنی |
| ۳ | مرغا | مرغی | ۱۰ | چوہا | چُہیا |
| ۴ | بھائی | بہن | | | |
| ۵ | چچا | چچی | | | |
| ۶ | نائی | نائین | | | |
| ۷ | ہاتھی | ہتھنی | | | |

س ۸ الفاظ کو جملوں میں استعمال کرنے کے جوابات:۔ (صفحہ نمبر "۹۴")

۱ سفر:۔ یہ سفر بہت لمبا ہے۔

۲ چوٹ:۔ چوٹ بہت گہری لگی ہے۔

۳ ڈاکٹر:۔ میرا باپ ڈاکٹر ہے۔

۴ ساتھی:۔ وہ میرا قریبی ساتھی ہے۔

۵ خون:۔ میرے دوست کو بہت خون آیا۔

سبق نمبر:۔ "۱۲" "عنوان:۔ استاد بسم اللہ خان"

س ۱ الفاظ معنی:۔ (صفحہ نمبر "۱۰۰")

س ۲ سوالات کے جوابات:۔

۱۔ گانے والا کیسا ہونا چاہیے؟

ج گانے کے لیے ضروری ہے کہ گانے والا ماہر زبان ہو۔ اچھا ادا کار ہو اور گانے کے آلے یعنی ساز سے پوری طرح واقف ہو۔

۲۔ موسیقی میں استاد بسم اللہ خان کس چیز کے استاد تھا؟

ج موسیقی میں استاد بسم اللہ خان سب سے بڑے شہنائی نواز تھے۔

۳ آپ کیسی زندگی بسر کرتے تھے؟

ج آپ نہایت سیدھی سادی زندگی بسر کرتے تھے۔

۴۔ حکومت ہند نے ان کو کن قومی اعزازات سے نوازا؟

ج حکومت ہند نے انھیں "پدم شری"، "پدم بھوشن" اور "بھارت رتن"، جیسے اعلیٰ ترین قومی اعزازات سے نوازا۔

۵۔ آپ بنارس میں رہنا ہی کیوں پسند کرتے تھے؟

ج آپ بڑے محب وطن تھے۔ آپ نے پوری زندگی بنارس میں گزاری۔ کبھی بھی بنارس سے باہر رہنا پسند نہیں کیا۔

۶۔ آزاد ہندوستان کی پارلیمنٹ میں کس کی موسیقی کی دھن گونجی؟

ج پندرہ اگست ۱۹۴۷ء کو جب ملک آزاد ہوا تو یہاں کی پارلیمنٹ میں سب سے پہلے شادیانے کے طور پر استاد بسم اللہ خان کی شہنائی ہی گونجی۔

۷۔ آپ کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

ج آپ کا انتقال ۲۱، اگست ۲۰۰۶ء کو بنارس میں ہوا۔

س۳۔ الفاظ کو جملوں میں استعمال کرنے کے جوابات:۔ (صفحہ نمبر ۱۰)

۱۔ شہنائی:۔ شادی میں شہنائی بجھ رہی ہے۔

۲۔ لاثانی:۔ تاج محل ایک لاثانی عجوبہ ہے۔

۲ **وضع دار:-** آج کل کے گانے وضع دار ہوتے ہیں۔

۳ **ماہر:-** میرا دوست پڑھائی میں ماہر ہے۔

۴ **اعزاز:-** مجھے اسکول میں اول آنے پر اعزاز سے نوازا گیا

س ۴۔ **خالی جگہوں کے جوابات** (صفحہ نمبر ۱۰۱)

۱ ازل ۲، اچھا ۳ اُستاد ۴، نوازا ۵ بنارس

س ۵ **کالم الف کو کالم ب سے ملانے کے جوابات** (صفحہ نمبر ۱۰۲)

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| ۱۔ انسان ازل سے | دو چیزوں کا شوقین رہا ہے۔ |
| ۲۔ استاد بسم اللہ خان کے چچا کا نام | علی بخش تھا۔ |
| ۳ استاد بسم اللہ خان نے اس فن کو۔ | ترقی دی |
| ۴۔ حکومت ہند نے انہیں | بہت سے اعزازات سے نوازا |
| ۵ آپ ۲۰۰۶ء میں | وفات پاگئے |

س ۶ **ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر ٹِک کا نشان لگانے کے جوابات۔** (صفحہ نمبر ۱۰۲)

۱ گانے کا ۲، استاد بسم اللہ خان ۳، ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو۔

## سبق نمبر: "۱۳" عنوان: "اخلاقی نظمیں"

(صفحہ نمبر: "۱۵۵")

س ۱ الفاظ معنی

س ۲ سوالات کے جوابات:

۱ انسان کس چیز سے انسان ہے؟

ج انسان ادب سے انسان ہے

۲ ادب کے بغیر انسان کیا ہے؟

ج ادب کے بغیر انسان حیوان ہے۔

۳ آدمیت کا زیور کیا ہے؟

ج آدمیت کا زیور ادب ہے۔

۴ جسے اچھے اور برُے کی تمیز نہ ہو وہ کیسا ہے؟

ج جسے اچھے اور برُے کی تمیز نہ ہو وہ کسی کو پیارا نہیں ہوتا ہے۔

۵ مشقت اٹھانا اور مصیبت بھرنا کیوں ضروری ہے؟

ج مشقت اٹھانا اور مصیبت بھرنا کامیاب ہونے کے لئے ضروری ہے۔

۶ کس میں جینے اور کس میں مرنے کو کہا گیا ہے؟

ج طلب میں جینے اور جستجو میں مرنے کو کہا گیا ہے۔

۷ نہ پڑھنے سے کیا بہتر ہے اور کیوں؟

ج نہ پڑھنے سے بہتر ہے پڑھنا کیونکہ پڑھنے سے انسان کو کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

س۳ واحد اسموں کی جمع بنانے کے جوابات: (صفحہ نمبر ۱۵۹)

| واحد | جمع |
| --- | --- |
| ۱ امتحان | امتحانات |
| ۲ حیوان | حیوانات |
| ۳ زیور | زیورات |
| ۴ جواب | جوابات |
| ۵ سوال | سوالات |
| ۶ مکان | مکانات |
| ۷ دُکان | دُکانات |
| ۸ کاغذ | کاغذات |
| ۹ آلہ | آلات |
| ۱۰ باغ | باغات |
| ۱۱ کمال | کمالات |
| ۱۲ حرکت | حرکات |

س۴: درج ذیل الفاظ کی ضد بتانے کے جوابات۔

(صفحہ نمبر ۱۰۹)

| ج | الفاظ | ضد |
|---|---|---|
| ۱ | نفرت | الفت |
| ۲ | نیک | بد |
| ۳ | اُجالا | اندھیرا |
| ۴ | اچھا | بُرا |
| ۵ | نزدیک | دور |
| ۶ | سوال | جواب |
| ۷ | کامیاب | ناکامیاب |

س۵: الفاظ کو جملوں میں استعمال کرنے کے جوابات (صفحہ نمبر ۱۰۹)

۱ ادب:- ہر انسان میں ادب ہونی چاہیے۔
۲ حیوان:- کُتّا ایک حیوان ہے۔
۳ زیور:- یہ قیمتی زیور ہے
۴ گھر:- میرا گھر بہت ہی خوبصورت ہے۔
۵ کام:- آج میں نے بہت کام کیا۔
۶ برکت:- ایمانداری میں برکت ہے۔

س۶: کالم "الف" کو کالم "ب" سے ملانے کے جوابات (صفحہ نمبر ۱۱۰)۔

| | کالم الف | کالم ب |
|---|---|---|
| ١ | ادب ہی سے انسان انسان ہے | نہ سیکھے ادب جو وہ حیوان ہے۔ |
| ٢ | جہاں میں ہو پیارا نہ کیسو ں کر ادب | کہ ہے آدمیت کا زیور ادب۔ |
| ٣ | نہ ہو جس کو اچھے بُرے کی تمیز | نہ وہ گھر میں پیارا نہ باہر عزیز |
| ۴ | نہ تم ہچکچاؤ نہ ہرگز ڈرو | جہاں تک بنے کام پورا کرو۔ |
| ۵ | اگر طاق میں تم نے رکھ دی کتاب | تو کیا دو گے کل امتحان میں جواب۔ |
| ۶ | نہ پڑھنے سے بہتر ہے پڑھنا جناب | کہ ہو جاؤ گے ایک دن کامیاب |

P8W0-15

# گرائمر

## ڈل جھیل

۱۔ جھیل ڈل شہر سری نگر سے دو ڈھائی میل کے فاصلے پر شمال کی طرف واقع ہے۔

۲۔ یہ جھیل بہت خوبصورت ہے۔

۳۔ ولر کے بعد یہ دوسری بڑی جھیل ہے۔

۴۔ جھیل کا پانی صاف شفاف ہے۔

۵۔ ڈل جھیل دنیا بھر میں میٹھے پانی کی وجہ سے مشہور ہے۔

۶۔ ڈل جھیل میں کنول کے پھول ہوتے ہیں۔

۷۔ سیاح لوگ شکاروں میں بیٹھ کر ڈل جھیل کا لطف اٹھاتے ہیں اور ہاؤس بوٹوں میں رہتے ہیں۔

س ایکسکرشن کے لیے درخواست۔

بخدمت جناب پرنسپل صاحب نیو ایرا پبلک سکول سرینگر

جناب عالی۔

گزارش خدمت یہ ہے کہ بہار کا موسم ہے۔ موسم بھی خوشگوار ہے۔ ہم چوتھی جماعت سے لے کر پانچویں جماعت تک کے بچے مغل باغات کی سیر کرنا چاہتے ہیں اس لیے عرض خدمت ہے کہ ہمیں پرسوں یعنی سنیچر کو مغل باغات کی سیر کو جانے کی اجازت عطا فرمائیں۔ وہ آپ کی مہربانی ہوگی۔

عرضی نیازی مندان

طلباء جماعت چوتھی تا جماعت پانچویں

تاریخ :- _ _ _

سبق نمبر "۵" عنوان :- مذکر مونث

مذکر مونث "درزی" سے لے کر "رفیق" تک (صفحہ نمبر 58)

سبق نمبر "۶" عنوان :- "واحد جمع"

س: گنتی کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج گنتی کے لحاظ سے اسم کی دو قسمیں ہیں "واحد، جمع"

۱ واحد :- واحد وہ اسم ہے جو صرف ایک چیز کے لیے استعمال ہو۔ جیسے۔ کرسی، قلم وغیرہ۔

1 جمع :- جمع وہ اسم ہے جو ایک سے زیادہ چیزوں کے لیے استعمال

ہوتا ہیں جیسے۔ کُرسیاں ، قلمیں۔

**واحد جمع** "جو ہر" سے لے کر "بحر" تک (صفحہ نمبر 61،62)

ہ